**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 28.06.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | دنیا بھر میں پناگزین تعمیر وترقی کے عمل میں موثر کردار ادا کر رہے ہیں، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | چمن ماسٹر پلان سے لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئینگے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | دہشتگردی کی بزدلانہ کاروائیاں حوصلے پست نہیں کرسکتیں، وزیر داخلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | شعیب نوشیروانی کی ہدایت پر خاران سٹی میں پانی کی فراہمی بحال کردی گئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | سیاسی مخالفت پر زرعی پانی کی بندش کا دور گزر چکا، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان اسمبلی کی تزئین وآرائش یا نئی عمارت ماہرین سے رائے لی جائے گی۔ ظہور بلیدی۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | انسانی حقوق قوانین کا نفاذ یقینی بنانے کیلئے مشترکہ کوشش ضروری، پارلیمنٹرین سول سوسائٹی۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 08 | موجود بجٹ کو استعال کرتے ہوئے خطہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، میر سلیم کھوسہ۔ | باخبر ودیگر اخبارات |
| 09 | تربت مند شاہراہ کی تعمیر کا آغاز ترقی کے نئے دور کی نوید ہے، اصغر رند۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ڈیرہ بگٹی بارش متاثرین کی بحالی کا کام جاری ہے پی ڈی ایم اے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان ہائیکورٹ کراچی، خضدار، کوئٹہ چمن روڈ کیس کی سماعت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | وفاقی محتسب کے حکم پر طالب علم کو سکالرشپ کا چیک مل گیا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | ڈی سی ڈیرہ بگٹی کا بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | کوڈی اے کا غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان اسمبلی نے 47 ارب سے زائد کے ضمنی بجٹ کی منظوری دیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بہترین اور متوازن بجٹ پیش کیا تعلیم اور صحت پر خصوصی توجہ دی ارکان اسمبلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ترقی اور خوشحالی آئیگی لعل جان جعفر۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 18 | بلوچستان میں کانگو وائرس سے بچانے والی ویکسین دستیاب نہیں، جمعیت نظریاتی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | وفاقی بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے، سردار اختر مینگل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | نواب رئیسانی نے زمینداروں کی پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کا اعلان کردیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

گندواتا معلوم افراد کی فائرنگ سے ایک بھائی ہلاک دوسرا شدید زخمی، کوئٹہ تین معصوم بہن بھائیوں کو قتل کرنیوالے کو تین بار سزائے موت کا حکم، تربت فورسز کے قافلے پر فائرنگ سے راہگیر زخمی، ایم پی اے کے بھتیجے نے ٹریفک اہلکار کو تشدد کا نشانہ بناڈالا، ہرنائی 5 سال سے مفرور ملزم گرفتار، کلی ابراہیم زئی کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دستی بم حملہ 7 اہلکار زخمی۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**عوامی مسائل :**

سپیرہ راغہ روڈ کی تعمیر کا منصوبہ علاقہ کی عوام کیلئے وبال جان بن گیا، گرمی میں گیس کی لوڈ شیڈنگ سے صارفین پریشان، مقتول سمشیری مری کے لواحقین کا قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ، پولیس منشیات فروشوں کی سرپرستی کر رہی ہے، اہلیان کلی کشمیر آباد، ماشکیل چھ ماہ سے موبائل نیٹ ورک خراب عوام کو مشکلات، وڈھ منشیات کا سرعام فروخت جاری، انتظامیہ خاموش۔

**مورخہ** 28.06.2024

**اداریہ :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "نوجوان حقوق اور نعروں کے نام پر بیٹھے لوگوں کی سازشوں میں نہ آئیں " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گرد کاروائیوں کے اڈے بنانے کا منصوبہ ناکام بنا دیا ہے گزشتہ دنوں دہشگردی کے خلاف بڑی کامیابی ہوئی ہے سیکورٹی اداروں نے ٹی ٹی پی دفاعی شوری کے سربراہ کمانڈر نصر اللہ عرف مولوی منصور کو مشکل اور پیچیدہ آپریشن میں گرفتار کر لیا اس موقع پر ڈی آئی ڈجی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایا ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ میں اپنے انٹیلی جنس فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ ملک کے دشمنوں کے خلاف پیش کیا ہے ہمیں کسی شک میں نہیں رہنا چاہئے ان تمام دہشگردی کا تعلق براہ راست انٹرنیشنل دہشگردی وانڈیا سے ہیں بلکہ تمام دنیا انڈیا سے محفوظ نہیں ہے انڈیا پیسے کے عیوض افغانستان کی سرزمین استعمال کر رہا ہے جو لوگ بلوچستان کے حقوق کے نام پر جو عزائم بنا رہے ہیں عوام انہیں پہچان لیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کا ملاپ صرف ان کے انویسٹر انڈ کی وجہ سے ہے جو لوگ ان کے ہاتھوں استعمال ہو رہے ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " معاشی بہتری کے اہداف :پالیسی کا تسلسل ناگزیر !!" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Safeguarding wildlife" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "گوادر کا در کھلا " کے عنوان سے شہزاد نیر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "جام غلام قادر گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال حب عدم توجہی کے باعث مسائل سے دوچار " کے عنوان سے ڈاکٹر ماجد علی بزنجو مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 JUN 2024 Page No. 1


## دنیا بھر میں پناہ گزین تعمیر وترقی کے عمل میں موثر کردار ادا کررہے ہیں، گورنر

**پناہ گزینوں سے متعلق عالمی ادارے میزبان کمیونٹی کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی کردار ادا کریں**

**اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مالیاتی خودمختاری حاصل کرنے کیساتھ اپنی رینکنگ کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے**



گورنر جعفر مندوخیل پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر تقریب سے خطاب کررہے ہیں


کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر اس بات کا اعتراف کیا کہ دنیا بھر میں پناہ گزین تعمیر وترقی کے عمل میں موثر کردار ادا کررہے ہیں. انہوں نے پناہ گزینوں سے متعلق عالمی اداروں اور ڈونر اداروں پر زور دیا کہ وہ آگے بڑھ کر پناہ گزینوں کے ساتھ ساتھ میزبان کمیونٹی کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی کردار ادا کریں تاکہ میزبان آبادی کا بوجھ کم ہوسکے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے دن پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر بیوٹمز یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مالیاتی خودمختاری حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی رینکنگ کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے. اسطرح وہ اپنے وجود کو برقرار رکھنے کے علاوہ پائیدار ترقی کی راہ چلنے کی قابل ہوسکتے ہیں. انہوں نے کہا کہ جو ادارے فنانسنگ اینڈ رینکنگ میں پیچھے رہ جاتے ہیں ان کیلئے آگے بڑھنا تو دور کی بات ہے، اپنا وجود برقرار رکھنا مشکل ہوجائے گا. گورنر بلوچستان نے بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز پر زور دیا کہ یونیورسٹی کے تمام امور و معاملات میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری کریں۔

## ملٹری سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کو شیلڈ سے نوازا گیا

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس بلوچستان کی وہ منفرد اور تاریخی عمارت ہے جہاں گزشتہ ڈیڑھ سو سال سے ہزاروں درختوں اور پودوں کو محفوظ رکھنے کے ساتھ نایاب پرندوں کی دیکھ بھال اور باقاعدگی سے خوراک کی فراہمی کا بندوبست بھی کیا جاتا رہا، جس میں برطانوی دور کے چیف کمشنر صوبہ (برٹش بلوچستان) کے چیف کمشنرز/اے جی جی سے لیکر قیام پاکستان کے بعد گورنر صاحبان کے علاوہ ملٹری سیکرٹریز، پرنسپل سیکرٹریز دیگر آفیسرز اور خاص طور پر مالی نے قابل تقلید اور گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ اسی تناظر میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈز (PPAF) نے ورلڈ اینوائرونمنٹ ڈے کی مناسبت سے کوئٹہ میں خصوصی تقریب کے دوران گورنر ہاؤس کوئٹہ کی منفرد خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ملٹری سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کرنل تنویر حسین کو یادگاری شیلڈ سے نوازا گیا۔

MASHRIQ QUETTA




گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کو بیوٹمز یونیورسٹی کے دورے پر وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## پناہ گزین تعمیر وترقی کے عمل میں موثر کردار ادا کر رہے ہیں جعفر مندوخیل

**پناہ گزینوں سے متعلق عالمی ادارے اور ڈونرز آگے بڑھ کر میزبان کمیونٹی کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی بھرپور کردار ادا کریں**

**پاکستان میں پیدا ہونے والے افغان بچے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنائیں گے، تقریب میں گفتگو**

**اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مالیاتی خودمختاری کے ساتھ رینکنگ بہتر بنانے کی ضرورت ہے، بیوٹمز یونیورسٹی کے دورے پر خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر اس بات کا اعتراف کیا کہ دنیا بھر میں پناہ گزین تعمیر وترقی کے عمل میں موثر کردار ادا کررہے ہیں. انہوں نے پناہ گزینوں سے متعلق عالمی اداروں اور ڈونر اداروں پر زور ........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

دیا کہ وہ آگے بڑھ کر پناہ گزینوں کے ساتھ ساتھ میزبان کمیونٹی کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی کردار ادا کریں تاکہ میزبان آبادی کا بوجھ کم ہوسکے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے دن پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر بیوٹمز یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر یو این ایچ سی آر سب آفیس کے سربراہ (Beklele Tesfaye)، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ اور چیف کمشنر افغان مہاجرین ارباب طالب کاسی بھی موجود تھے. شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ چار عشروں سے بڑی تعداد میں افغان پناہ گزین موجود ہیں. ہم نے انہیں مہمان کے طور پر قبول کیا. ہمارے درمیان مذہبی، معاشرتی اور دیگر مضبوط رشتے موجود ہیں ہم ان تمام عالمی اداروں شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے افغان مہاجرین کیلئے تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں امداد فراہم کرکے ہمارے دباؤ کو کم کیا. گورنر بلوچستان نے کہا کہ یو این ایچ سی آر اور محکمہ سیٹران نے جدید طبی آلات، ایمبولینسیں، سول ہسپتالوں کو مہیا کیے. مختلف اداروں میں شمسی توانائی فراہم کی اور تعلیمی اداروں میں تعمیرات اور فرنیچر کی فراہمی کو یقینی بنایا. ان اقدامات سے نہ صرف مہاجرین بلکہ مقامی آبادی کو بھی فائدہ پہنچا. ان سہولتوں سے مہاجرین خود بھی مستفید ہوئے بلکہ انہوں نے مقامی معیشت کی ترقی میں کردار ادا کیا. گورنر بلوچستان نے یو این ایچ سی آر کی جانب یونیورسٹی آف بلوچستان کے احاطے میں ریفیوجی سینٹر کے قیام کو خوش آئند قرار دیا



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کو بیوٹمز یونیورسٹی کے دورے پر وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ یونیورسٹی سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں یو این ایچ سی آر کے زیر اہتمام پناگزینوں کا عالمی دن کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کررہے ہیں

CamScanner

# Universities need to achieve financial independence: Governor

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail has said that higher educational institutions need to improve their ranking along with achieving financial independence.

In this way they can maintain their existence apart from being able to follow the path of sustainable development. He said that it is far-fetched for those institutions which are left behind in financing and ranking, it will be difficult to maintain their existence. Governor Balochistan urged the vice-chancellors of all the public sector universities of Balochistan to fully abide by the rules and regulations of the Higher Education Commission in all matters of the university. . Meanwhile, Vice-Chancellor of Bitums University Dr. Khalid Hafeez, Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghalzai and Pro-Vice-Chancellor Dr. Abdul Rehman Khan, senior teachers of Bitums University were also present. During the briefing, Balochistan Governor Jafar Khan Mandukhel said that collaboration and cooperation between the university and the industry must be kept in view of all decisions.

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 53 جمعۃ المبارک 21 ذی الحج 1445ھ 28 جون 2024ء نمبر 176


# چمن ماسٹر پلان سے لوگوں کو روزگار و تجارت کے مواقع میسر آئینگے، سرفراز بگٹی

## سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں، ماسٹر پلان کی افتتاحی تقریب سے خطاب

چمن (نورزمان اچکزئی/ خ ن) چمن ماسٹر پلان کا 9 سال بعد پہلے فیز کا افتتاح کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ چمن ماسٹر پلان انتہائی اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیوں میں تیزی، مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان اعلیٰ سول وملٹری حکام کے ہمراہ بذریعہ ہیلی کاپٹر چمن پہنچے، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان کو مکمل کرکے معاشی سرگرمیوں کے لیے فعال بنانے پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دی اور کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں۔ اس سے قبل وزیراعلیٰ کے پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق وچوبند دستے نے گارڈ آف آنرز پیش کیا، وزیراعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، اعلیٰ سول وفوجی حکام، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی تھے، تقریب کے افتتاح سے قبل کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات اور ڈپٹی کمشنر چمن راجہ اطہر عباس نے منصوبے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

# وزیراعلیٰ نے بلوچی اکیڈمی کے گرانٹ میں کٹوتی کا فیصلہ واپس لے لیا

## بلوچی، براہوئی اور پشتو کے لیے کام کرنے والے اداروں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی نے بلوچی اکیڈمی کے وفد سے ملاقات کے دوران اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت بلوچستان میں قوموں کی زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے ہر ممکن مدد وتعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا بلوچستان میں آباد تمام اقوام کی ثقافت اور زبانوں کی ترقی وترویج کے لیے عملی طور پر اقدامات کریں گے اور ایسے تمام ادارے جو بلوچی، براہوئی اور پشتو زبان کے لیے کام کررہے ہیں ان تمام ادبی اداروں کی حوصلہ افزائی اور ان کی مالی مدد کی جائے گی تاکہ بلوچستان میں آباد بلوچ، پشتون اور دیگر اقوام کے ثقافت کو پوری دنیا میں متعارف کیا جاسکے۔ بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین سنگت رفیق نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کے دوران بلوچی اکیڈمی کے سالانہ گرانٹ کی کٹوتی کا فیصلہ واپس لینے کی درخواست کی جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دہائی کرائی کہ بلوچی اکیڈمی کی گرانٹ کو بحال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ وہ ادارے جو بلوچی یا دیگر زبانوں کی ترقی وترویج کے لیے سرگرم ہیں ان کے لیے بھی گرانٹس کا اعلان کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی نے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب خان نوشیروانی کو بلوچی اکیڈمی کی گرانٹ کی کٹوتی کے فیصلے پر نظر ثانی کی ہدایت کرتے ہوئے گرانٹ بحال کرنے کی منظوری دے دی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اجلاس کے بعد ارکان اسمبلی بات چیت کررہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 52 | جمعہ 21 ذوالحجہ 1445ھ 28 جون 2024ء صفحات 08 | شمارہ 365

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


Bullet No. 1

Page No. 6

# چمن ماسٹر پلان کا افتتاح، منصوبہ مقامی افراد کے معاشی استحکام کا ضامن ہے: سرفراز بگٹی

## مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے ماسٹر پلان کی تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد

## اہمیت کا حامل منصوبہ ہے تجارتی سرگرمیاں تیز، تجارتی سرگرمیوں میں مزید اضافہ ہوگا

## چمن کے لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، ماسٹر پلان کی افتتاحی تقریب سے خطاب


چمن (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر جمعرات کو چمن پہنچے جہاں اعلیٰ حکام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا وزیر اعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی بھی موجود.........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

تھے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے وزیر اعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق و چوبند دستے نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس و دیگر حکام بھی موجود تھے۔



چمن، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو لیویز فورس کا دستہ سلامی پیش کر رہا ہے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور سپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کو موقع پر دعا کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 2

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جمعۃ المبارک، 21 ذوالحج، 28 جون 2024، صفحات 8، قیمت 40 روپے

# چمن ماسٹر پلان سے تجارتی سرگرمیاں تیز، لوگوں کو روزگار ملے گا، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان نے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کیا، ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی و دیگر وزراء بھی ان کے ہمراہ تھے

مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے حقیقی قابل عمل پالیسیاں بنا رہے ہیں، وزیراعلیٰ کا تقریب سے خطاب

[illegible]



چمن: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی ملاقاتی مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 31 | بروز جمعۃ المبارک 28 جون 2024ء بمطابق 21 ذی الحج 1445ھ | شمارہ نمبر 176

# وزیراعلیٰ کی چمن آمد پر لت شرکاء اور شہریوں کا ماسٹر پلان کی جانب مارچ

## چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے، تجارتی سرگرمیاں تیز ہونگی، ذرائع روزگار کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، سرفراز بگٹی

### وزیراعلیٰ فوٹو سیشن کے بجائے اصل مسئلہ حل کریں، نامکمل ماسٹر پلان کا افتتاح کر کے کریڈٹ نہ لیں، ریلی کے شرکاء کا مطالبہ

چمن (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے ماسٹر پلان سے وابستہ منصوبوں کی بدولت تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی، چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک روزہ دورے پر چمن پہنچنے اور چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کے موقع پر کیا اس سے قبل وزیراعلیٰ بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر


چمن (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کی چمن آمد اور ماسٹر پلان کے افتتاح کے موقع پر چمن پرلت (دھرنا) شرکاء اور شہریوں نے ماسٹر پلان کی جانب ریلی نکالی بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن کے ایک روزہ دورے پر پہنچے تو اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء واراکین بھی چمن پہنچے تو وزیراعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کیا، چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کو متعلقہ حکام کی جانب سے چمن ماسٹر پلان پر بریفنگ بھی دی گئی۔ اسموقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے ماسٹر پلان سے وابستہ منصوبوں کی بدولت تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی بلکہ اسے مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں، انہوں نے کہا کہ چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات کر کے مقامی لوگوں کو روزگار کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں۔

اس موقع پر ریلی کی قیادت کرنے والوں کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ فوٹو سیشن کے بجائے اصل مسئلہ حل کرے، وزیراعلیٰ نامکمل ماسٹر پلان کا افتتاح کر کے کریڈٹ لینے کے بجائے عوام کو نے، ہم ماسٹر پلان کے مقام کے باہر کھڑے ہو کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرائینگے، چمن ماسٹر پلان کا منصوبہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی دور حکومت میں ڈاکٹر حامد اچکزئی کی تجویز پر شروع کیا گیا تھا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر ظہور بلیدی اسمبلی اجلاس کے دوران بات چیت کررہے ہیں



چمن وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7


Largest Circulated Daily of Balochistan
Simultaneously Published from Hub, Karachi and Quetta

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518


جلد نمبر 36 | بروز جمعرات، 27 جون 2024ء بمطابق 20 ذی الحجہ 1445ھ | شمارہ نمبر 175


# 400 بچوں کو اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ کیلئے بھجوایا جائیگا' سرفراز بگٹی


## یوتھ اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد میں تیزی لائی جائے، وزیراعلیٰ کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت محکمہ لیبر اینڈ مین پاور کا جائزہ اجلاس بدھ کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لیبر ویلفیئر، ڈائریکٹر جنرل بی ٹیوٹا اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا گیا کہ بلوچستان سے ہنرمند نوجوانوں کی پہلی کھیپ مارچ 2025 میں بیرون ملک بھجوائی جائے گی جبکہ غیر ہنرمند افراد کو بھی روزگار کے لئے دسمبر 2025 میں بیرون ملک بھجوایا جائے گا مزدوروں کے دو سو بچوں کی نشاندہی کر کے رجسٹریشن کر لی گئی ہے مزید دو سو بچوں کو رجسٹر کیا جا رہا ہے مجموعی طور پر 15 جولائی تک چار سو بچوں کو اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ کے لئے بھجوایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر عمل درآمد میں تیزی لائی جائے اور ہنرمندی کی تربیت کے بعد روزگار کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے کچلاک ڈرائیونگ اسکول کو فوری فعال کیا جائے۔

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈیرہ بگٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ محنت وافرادی قوت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | جمعہ 28 جون 2024ء بمطابق 21 ذی الحج 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔174


# چمن ماسٹر پلان سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہونگی، سرفراز بگٹی

**وزیراعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دی، پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں**

**چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں، خطاب**


چمن (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر جمعرات کو چمن پہنچے جہاں اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 2 پر)

کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ماسٹر چمن پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے وزیراعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق وچوبند دستے نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس ودیگر حکام بھی موجود تھے۔

# وزیراعلیٰ نے بلوچی اکیڈمی کے گرانٹ کی بحالی کی منظوری دیدی

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچی اکیڈمی کے وفد سے ملاقات کے دوران اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت بلوچستان میں قوموں کی زبان اور ثقافت کے فروغ کے لیے ہر ممکن مدد وتعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا بلوچستان (بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 2 پر)

میں آباد تمام اقوام کی ثقافت اور زبانوں کی ترقی وترویج کے لیے عملی طور پر اقدامات کرے گی اور ایسے تمام ادارے جو بلوچی، براہوئی اور پشتو زبان کے لیے کام کررہے ہیں ان تمام ادبی اداروں کی حوصلہ افزائی اور ان کی مالی مدد کی جائے گی تاکہ بلوچستان میں آباد بلوچ، پشتون اور دیگر اقوام کے ثقافت کو پوری دنیا میں متعارف کیا جاسکے۔ بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین سنگت رفیق نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کے دوران بلوچی اکیڈمی کے سالانہ گرانٹ کی کٹوتی کا فیصلہ واپس لینے کی درخواست کی جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچی اکیڈمی کی گرانٹ کو بحال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ وہ ادارے جو بلوچی یا دیگر زبانوں کی ترقی وترویج کے لیے سرگرم ہیں ان کے لیے بھی گرانٹس کا اعلان کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب خان نوشیروانی کو بلوچی اکیڈمی کی گرانٹ کی کٹوتی کے فیصلے پر نظر ثانی کی ہدایت کرتے ہوئے گرانٹ بحال کرنے کی منظوری دے دی۔ اس ملاقات میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت کسی بھی ایسے اقدامات کی حوصلہ شکنی کرے گی کہ جس میں بلوچستان میں بسنے والی اقوام کی زبان وثقافت کی ترویج کے لیے مشکلات پیدا ہوں۔ انہوں نے کہا پیپلز پارٹی کی حکومت بلوچی زبان سمیت تمام زبانوں کی مالی اور اخلاقی تعاون کرے گی تاکہ صوبے میں علمی وادبی شعبوں میں ترقی لائی جاسکے۔ بلوچی اکیڈمی کے وفد نے چیئرمین کی سربراہی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، صوبائی وزیر برائے ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی اور صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب احمد نوشیروانی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بلوچی زبان وادب کے سب سے بڑے ادارے کی حیثیت سے بلوچی اکیڈمی کے گرانٹ کی کٹوتی کے بعد بحالی کا نوٹس لے کر اس مسئلے کو حل کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کی



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین بلوچی اکیڈمی سنگت رفیق بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | جمعہ 28 جون 2024ء بمطابق 21 ذوالحجۃ 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 176




چمن، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کر رہے ہیں

# چمن کی ترقی اور لوگوں کے روزگار کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## وزیراعلیٰ بلوچستان کے چمن پہنچنے پر اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا چمن میں چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کردیا گیا

## چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں ماسٹر پلان پر عملدرآمد اور تکمیل پر تمام سٹیک ہولڈرز کو مبارک باد



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر صادق عمرانی بات چیت کر رہے ہیں

چمن (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے ماسٹر پلان سے وابستہ منصوبوں کی بدولت تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی، چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک روزہ دورے پر چمن پہنچنے اور چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کے موقع پر کیا اس سے قبل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن کے ایک روزہ دورے پر پہنچے تو اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء و اراکین بھی چمن پہنچے تو وزیراعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کیا، چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کو متعلقہ حکام کی جانب سے چمن ماسٹر پلان پر بریفنگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے ماسٹر پلان سے وابستہ منصوبوں کی بدولت تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی بلکہ اس سے مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے چمن ماسٹر پلان پر عملدرآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں، انہوں نے کہا کہ چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات کر کے مقامی لوگوں کو روزگار کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

| جلد 27 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | جمعہ 28 جون 2024ء | 21 ذی الحجہ 1445ھ | 10 روپے | رجسٹرڈ بی سی بی-10 | 136 |

# چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے تجارتی سرگرمیاں تیز ہونگی، سرفراز بگٹی

مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد

چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں لوگوں کے ذرائع روزگار کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، خطاب

چمن (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر جمعرات کو چمن پہنچے جہاں اعلیٰ حکام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا وزیر اعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ماسٹر چمن پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے وزیر اعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق و چوبند دستے نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس و دیگر حکام بھی موجود تھے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز سے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی اسمبلی اجلاس کے دوران بات چیت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | جمعہ 28 جون 2024ء 21 ذوالحجہ 1445ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 176



# چمن ماسٹر پلان سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی

## وزیراعلیٰ بگٹی

ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

**مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں، چمن ماسٹر پلان کی اختتامی تقریب سے خطاب**

چمن (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک روزہ دورے پر جمعرات کو چمن پہنچے جہاں اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا استقبال کیا وزیراعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ماسٹر چمن پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں گے وزیر اعلیٰ نے چمن ماسٹر پلان پر عمل درآمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق وچوبند دستے نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس ودیگر حکام بھی موجود تھے۔



چمن، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12


روزنامہ
Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 20
بروز جمعہ 28 جون 2024ء 21 ذوالحجہ 1444ھ
شمارہ 88


# ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں میر سرفراز بگٹی

## ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

## لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق و چوبند دستے نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی

(ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے نئے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء
کی کے رکن وصوبائی وزیر زراعت کیا وزیراعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان
اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء اراکین
اسمبلی بھی موجود تھے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان
نے ماسٹر چمن پلان کا افتتاح کیا افتتاحی تقریب
سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی
نے کہا کہ چمن ماسٹر پلان اہمیت کا حامل منصوبہ ہے
جس سے تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی اور مقامی
لوگوں کو روزگار اور تجارت کے مواقع میسر آئیں
گے وزیراعلیٰ نے چمن

بقیہ 1 صفحہ 6 پر

ماسٹر پلان پر مکمل در آمد اور تکمیل پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاک افغان سرحدی علاقے چمن میں ترقیاتی منصوبے مقامی افراد کے معاشی استحکام کے ضامن ہیں اس کے علاوہ بھی چمن کی ترقی اور لوگوں کے ذرائع روزگار کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے قابل عمل پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں قبل ازیں چمن پہنچنے پر بلوچستان لیویز کے چاق و چوبند دستے نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو سلامی پیش کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ اطہر عباس و دیگر حکام بھی موجود تھے۔



چمن، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چمن ماسٹر پلان کا افتتاح کر رہے ہیں، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی بھی ہمراہ ہیں



چمن، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کو لیویز فورس کے جوان سلامی پیش کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

13

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 19

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 785 QUETTA Friday June 28, 2024 /Dhu'l-Hijjah 21, 1445 Rs: 30

# Development schemes to bring prosperity to chaman: CM

## Inaugurates Chaman Master Plan Project during visit to the border town

APP

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti here on Thursday inaugurated the "Chaman Master Plan Project" during his visit to the border town of Chaman.

Chaman district, bordering with Afghanistan witnessed eight month protest by the local business community against the one-document regime implemented by the federal government following the apex committee decision in June 2023.

"The completion of Chaman Master Plan Project will greatly help make the bordering town a border trade hub instead of smuggling trade hub," said CM Balochistan. Provincial Ministers, Speaker Balochisan Assembly and also MPA-elect from Chaman district Abdul Khaliq Achakzai and other MPAs accompanied the CM.

Mir Sarfraz Bugti expressed the hope that trade activities would not only get rise with the projects linked with the Chaman Master Plan, but it would also create amble employment activities for the local people of the bordering district.

The government, the CM said, is well aware of the problems of the local community. Development schemes launched in Chaman are the guarantor of economic stability of the area dwellers, he said. Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti arrived in Chaman on Thursday on a one-day visit where the high officials welcomed the Balochistan Chief Minister and the provincial ministers. Chief Minister Mir Sarfraz Bugti said that Chaman Master Plan is an important project which will speed up commercial activities and provide employment and trade opportunities to the local people. Congratulating all the stakeholders on the implementation and completion of the Chaman Master Plan, he said that the development projects in the Pak-Afghan border area of Chaman are the guarantors of the economic stability of the local people, besides taking steps for the development of Chaman and the employment of the people. are continuing and workable policies are being formulated to provide employment to the local people. Earlier, upon reaching Chaman, the armed contingent of Balochistan Levies saluted the Chief Minister of Balochistan. On this occasion, Deputy Commissioner Raja Athar Abbas and other officials also attended. At least 40 people, including 17 security officials, were injured in Chaman earlier this month amid escalating tensions as protesters, incensed by the arrest of their leaders of a sit-in, launched attacks on government buildings and installations, demanding immediate releases.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 17



**CHAMAN:** Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti inaugurates Chaman Master Plan Project on Thursday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 16


## تربت مند شاہراہ کی تعمیر کا آغاز ترقی کے نئے دور کی نوید ہے، اصغر رند

### مذکورہ شاہراہ مکران ڈویژن کے اہم ترین معاشی شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، بیان

تربت (نمائندہ انتخاب) پارلیمانی سیکریٹری برائے توانائی میر اصغر رند نے کہا ہے کہ ساؤتھ بلوچستان پیکیج کے تحت تربت مند شاہراہ کی تعمیر کا آغاز ترقی وخوشحالی کے ایک نئے دور کی نوید ہے یہ شاہراہ مکران ڈویژن کے اہم ترین معاشی شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، اس پر کام کا

بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

آغاز موجودہ صوبائی حکومت کی ایک بڑی کامیابی ہے، ساؤتھ بلوچستان پیکیج کے تحت تربت سے لیکر مند ایران بارڈر تک جو شاہراہ تعمیر کی جاری ہے اس میں تمپ ایریا کا 80 کلومیٹر بھی شاہراہ ہے اس لئے یہ شاہراہ سرحدی تجارت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ تحصیل تمپ کے عوام کے دیرینہ مسائل ومشکلات کے حل کا باعث بنے گا، شاہراہ کی تکمیل سے میرے حلقے کے اکثر علاقے اس شاہراہ سے منسلک ہو کر ایک نئے دور میں داخل ہوں گے، تربت مند شاہراہ کی تعمیر کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی محنت وکاوشوں قابل ستائش ہیں میر سرفراز بگٹی نے اپنی پہلی فرصت میں یہ انقلابی قدم اٹھا کر تمپ ومند کے عوام کے دل جیت لئے ہیں، اس سلسلے میں صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی نے جو تعاون کیا ہے اس پر ہم اس کے بھی شکرگزار ہیں جبکہ سابق دور میں زبیدہ جلال بھی اس منصوبہ کیلئے وقتاً فوقتاً کوشاں رہی ہیں، تربت مند شاہراہ صرف ایک سڑک نہیں بلکہ ترقی وخوشحالی کے ایک نئے سفر کا آغاز ہے مند جو صدیوں سے سرحدی تجارت کا مرکز رہا ہے اس سڑک کی تکمیل سے مند سے ہونے والی سرحدی تجارت اور آمدورفت کا بہتر وسیلہ علاقہ کیلئے ایک معاشی انقلاب ثابت ہوگی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 JUN 2024 Page No. 19

## کانگووائرس نے ایک اور خاتون کی جان لے لی
## مزید دو مریض فاطمہ جناح ہسپتال میں داخل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کانگووائرس نے ایک اور خاتون کی جان لے لی کانگووائرس کا شکار مزید دو مریضوں کو فاطمہ جناح ہسپتال میں داخل کر دیا رواں سال کانگو سے ہلاکتوں کی تعداد دو ہو گئی۔ فاطمہ جناح ہسپتال ذرائع کے مطابق 26 جون کو قلعہ سیف اللہ کی رہائشی خاتون بی بی عائشہ زوجہ ولی داد کو ناک اور منہ سے خون آنے پر تشویشناک حالت میں فاطمہ جناح ہسپتال لایا گیا جہاں میڈیکل ٹیسٹ میں کانگو وائرس کی تصدیق ہونے پر علاج شروع کر دیا گیا تاہم خاتون رات کو جاں بحق ہو گئی۔ ہسپتال ذرائع نے بتایا کہ رواں سال کانگو وائرس سے ایک خاتون سمیت دو افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں جبکہ تین روز قبل 24 جون کو سریاب روڈ کے رہائشی عبدالقیوم اور 26 جون کو پشین کے رہائشی اختر جان کو ہسپتال لایا گیا۔ جن میں کانگو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے ان کا علاج شروع کر دیا ہے۔

## پولیس افسران واہلکاروں کو یونیفارم پر نیم پلیٹ لگانے کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایا نے دوران ڈیوٹی افسران واہلکار کے یونیفام پر نیم پلیٹ لگانے کو لازمی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ دوران ڈیوٹی ماسک لگانا اور پٹو لپیٹنا ممنوع ہوگا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پولیس کو اپنے ایک پیغام میں ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ تمام اہلکار دوران ڈیوٹی اپنے یونیفام پر اپنا نیم پلیٹ ضرور لگائیں نیم پلیٹ نہ لگانے والے اہلکار کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی، انہوں نے دوران ڈیوٹی اہلکاروں کے ماسک لگانے اور پٹو لپیٹنے پر بھی پابندی عائد کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک پولیس اہلکار ماسک نہ لگانے کی پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے کیوں کہ ٹریفک اہلکار دھوپ پر کھڑے رہتے ہیں وہ فیس ماسک لگا سکتے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ترقی اور خوشحالی آئیگی، لعل جان جعفر

**جاری ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر وقت مقررہ یا اس سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ کی اولین ترجیح ہونی چاہئے، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر کے زیر صدارت مالی سال 2024-25 روڈ سیکٹر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر ڈیزائن ڈاکٹر سجاد بلوچ چیف انجینئر روڈز بی زون میر احمد مینگل ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل ولید نعمت بلوچ کے علاوہ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو صوبے میں جاری مالی سال 2024-25 میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی گئی اور نئے منصوبوں کی منظوری بھی دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر وقت مقررہ یا اس سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ کی اولین ترجیح ہونی چاہئے انہوں نے کہا کہ انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی بدولت صوبے میں ترقی اور خوشحالی آئیگی ہماری اولین ترجیح ہے تمام متعلقہ انجینئر آفیسران اپنے اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کو اپنے وقت مقررہ سے بھی پہلے مکمل کریں تاکہ صوبے کے دور افتادہ علاقوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر ہوں سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ان اضلاع پر مثبت اثرات مرتب ہونے کے ساتھ ساتھ ان علاقوں کی پسماندگی دور کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی انفراسٹرکچر کی بہتری سے ہی صوبہ ترقی کی جانب گامزن ہوگا اور منصوبوں کی تکمیل سیان اضلاع میں ترقی اور خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا انفراسٹرکچر کی بہتری سے عوام اور صوبے پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں 31 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر

**صوبے کا مستقبل تعلیم سے محروم، اسکولوں سے باہر بچوں کو اسکولوں میں لانے کیلئے سماجی تنظیموں جس کے تعاون سے منصوبہ شروع کررہے ہیں، سیکرٹری تعلیم**

**صوبے میں عادی غیر حاضر 22 سو اساتذہ کو ملازمت سے برطرفی کیلئے شوکاز نوٹسز دے دیئے تھے ان میں سے 323 اساتذہ کو ملازمت سے فارغ کیا جاچکا ہے، صالح محمد ناصر**

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری تعلیم بلوچستان صالح محمد ناصر نے انکشاف کیا ہے کہ حالیہ سروے کے مطابق صوبے میں 31 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر جبکہ 23 لاکھ بچے اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں آوٹ آف اسکول بچوں کو اسکولوں میں لانے کیلئے سماجی تنظیم جس کے تعاون سے منصوبہ شروع کررہے ہیں 1800 سے زائد غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے برطرفی کیلئے شوکاز نوٹسز دے دیئے ہیں، یکم جولائی سے صوبے کے اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری کیلئے بائی میٹرک سسٹم نصب کررہے ہیں۔ سیکرٹری تعلیم صالح محمد ناصر نے بتایا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے کیے گئے سروے کے مطابق بلوچستان میں 31 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور تعلیم سے محروم ہیں اسکولوں سے باہر بچوں کو اسکولوں میں لانے کیلئے سماجی تنظیم جس کے تعاون سے منصوبہ شروع کررہے ہیں جس کے نتائج جلد سامنے آنے لگیں گے سیکرٹری تعلیم نے بتایا کہ صوبے میں عادی غیر حاضر 22 سو اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کیلئے شوکاز نوٹسز دے دیئے تھے ان میں سے 323 اساتذہ کو ملازمت سے فارغ کیا جاچکا ہے جبکہ باقی 18 سو اساتذہ کے خلاف قانونی کارروائی کی جاری رہی ہے صالح محمد ناصر نے مزید بتایا کہ یکم جولائی سے صوبے کے اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری کیلئے بائیومیٹرک سسٹم نصب کررہے ہیں، جس پر بیس کروڑ روپے کے اخراجات آئیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 22


## وفاق بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے سردار اختر جان مینگل

**زمینداروں کا معاشی قتل عام بند کیا جائے، ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیر اعلی بلوچستان اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ کہا ہے کہ زمینداروں کی..........

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی قتل عام بند کیا جائے زمینداروں کی ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہیں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان میں زمینداروں کو سالانہ اربوں روپے کا نقصانات اٹھانا پڑھتا ہے کیونکہ کیسکو نے 3 گھنٹہ بجلی زمینداروں کو روزانہ دیتی ہے اس وقت بلوچستان کے اکثر علاقوں میں گرمی انتہائی زیادہ 3 گھنٹہ بجلی دینے سے زمینداروں کے اکثر فصلیں پانی نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہو چکی ہے ان کو کافی نقصانات ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھی ٹی وی چینل سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ایک طرف صوبائی حکومتی اراکین اسمبلی فلور پہ آ کر بڑے داعوے کرتے ہیں کہ بلوچستان میں خوشحالی لائینگے

## گوادار بار ایسوسی ایشن کا عدالتوں کے بائیکاٹ کا اعلان

**بائیکاٹ کا مقصد لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کیلئے آواز بلند کرنا ہے**

گوادر (این این آئی) گوادار بار ایسوسی ایشن کی عدالتوں کے بائیکاٹ کا اعلان، بائیکاٹ کا مقصد لاپتہ افراد کے مسئلے پر حکومت کی خاموشی کے خلاف احتجاج کرنا ہے جو کہ علاقے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوادر بار ایسوسی ایشن نے حکومت کی جانب سے پسنی اور تربت میں لاپتہ افراد کے لیے جاری پر امن احتجاجی مظاہروں پر خاموشی کے خلاف عدالتوں کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے..........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

۔ بار کے صدر صدیق زعمرانی ایڈوکیٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 28 جون 2024 کو تمام وکلا سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ عدالت میں پیش نہ ہوں، سوائے فوری نوعیت کے مقدمات کے۔ اس بائیکاٹ کا مقصد لاپتہ افراد کے مسئلے پر حکومت کی خاموشی کے خلاف احتجاج کرنا ہے، جو کہ علاقے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ بار ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے متاثرین کے اہل خانہ کو شدید پریشانی اور تکلیف کا سامنا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان بھر کی شاہراہیں آج بند پہیہ جام ہڑتال ہوگی

**اگر بجلی کا مسئلہ حل نہ ہوا تو 30 جون کو صوبے کے تمام اضلاع میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، زمیندار ایکشن کمیٹی**

**3 جولائی کو اجلاس بلا کر غیر معینہ مدت کیلئے دھرنے کا اعلان کیا جائیگا، ملک نصیر شاہوانی، اسلم رئیسانی کا بھی حمایت کا اعلان**

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر وزیر اعلی بلوچستان کو سیکرٹری انرجی کی یقین دہانی پر بجلی کا مسئلہ حل نہیں ہوتا تو آج بلوچستان بھر میں پہیہ جام ہڑتال اور 30 جون کو صوبے بھر میں شٹر ڈان ہڑتال اور 3 جولائی کو اجلاس میں غیر معینہ مدت کیلئے دھرنے کا اعلان کیا جائے گا، کیسکو کو بل کی ادائیگی میں 100 فیصد اضافہ کے باوجود کیسکو نے زمینداروں کی تباہی کا سامان کیا ہے، زمینداروں کے نقصانات کے ازالے کیلئے حکومت بلوچستان سروے کروائے اور کیسکو کے ذمے نقصانات کا ازالہ کروائیں بصورت دیگر ایکشن کمیٹی ہائی کورٹ سے رجوع کریگی۔ اس بات کا فیصلہ گزشتہ روز

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمٰن بازئی، حاجی ولی محمد رئیسانی، سید عبدالقہار آغا، حاجی عبدالجبار کاکڑ، حاجی عزیز سرپرہ، حاجی نور احمد بلوچ، کاظم خان اچکزئی، عبداللہ جان میرزئی، حاجی شیر علی مشوانی، ملک عبدالمجید مشوانی، سردار ابراہیم باروزئی، میر منیر احمد شاہوانی، ہکری محمد افضل بدوزئی، سید صدیق اللہ آغا، حاجی قدیر کرد، ملک رمضان مہترزئی، حاجی روز الدین کاکڑ، حاجی عبدالغفار پانیزئی، ملک محمد رضا ترین، حاجی راوت خان رئیسانی، بشیر احمد لانگو، ہکری پار الدین، ملک محمد حسین کاکڑ، میر علی اکبر گرگناڑی، عبدالوہاب مینگل، حق نواز لانگو و دیگر اضلاع سے تعلق رکھنے والے ایگزیکٹو کونسل کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں زمینداروں کی جانب سے کیسکو کی جانب سے زرعی فیڈرز پر بجلی یکدم 6 سے 3 گھنٹے کرنے کے عمل پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عین سیزن میں ایک بار پھر کیسکو کا ظلم شروع ہو گیا حکومت بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کا سارا نزلہ زمینداروں پر گرانا چاہتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 2


## کلی ابراہیم زئی کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دستی بم حملہ، 7 اہلکار زخمی

### گاڑی میں سوار اہلکار معمول کی گشت پر تھے، موٹر سائیکل سوار بم پھینکتا ہوا فرار ہو گیا، زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بروری روڈ کلی ابراہیم زئی کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دستی بم حملہ، بم سڑک پر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹنے سے سات راہگیر زخمی ہو گئے جبکہ سیکورٹی اہلکار محفوظ رہے پولیس کے مطابق سیکورٹی فورسز کے اہلکار جمعرات کی شام کو گاڑی میں بروری روڈ پر معمول کی گشت کر رہے تھے وہ جسے ہی کلی ابراہیم زئی کے قریب پہنچے تو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ان کی گاڑی پر دستی بم پھینکتے ہوئے فرار ہو گیا بم سڑک پر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں سات راہگیر جان محمد ولد گل محمد، ابراہیم ولد محمد حیات، علی حسن ولد غلام حسین، اسلام ملک ولد یار محمد، محمد ذکریا ولد محمد رشید اور قدرت اللہ ولد محمد ایمحمد قاسم ولد محمد رشید زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔

## کوئٹہ، تین معصوم بہن بھائیوں کو قتل کرنیوالے کو تین بار سزائے موت کا حکم

### پچاس ہزار جرمانے کی سزا بھی سنائی گئی، رقم زخمی بچی بی بی کشمالہ کو دی جائے گی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیشن جج سریاب نجیب اللہ کاکڑ کی عدالت نے تین معصوم بہن بھائیوں کو تیز دھار آلے سے گلے کاٹ کر قتل اور ایک بچی کو شدید زخمی کرنے کے مقدمے میں نامزد ملزم کو جرم ثابت ہونے پر تین بار سزائے موت کا حکم سنایا۔ عدالت نے ایک بچی کو شدید زخمی کرنے پر بھی ملزم کو دس سال قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ استغاثہ کے مطابق ملزم محمد اقبال کے خلاف نور احمد کی مدعیت میں درج مقدمہ میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ملزم محمد اقبال ساکن بی نے سال 2021 میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے پولیس تھانہ نیو سریاب کی حدود میں چار معصوم بچوں تین سے چار سالہ محمد حسنین، پانچ سے چھ سالہ زین اللہ اور آٹھ نو سالہ اقصیٰ بی بی اور سات سے آٹھ سالہ بی بی کشمالہ کے گلے تیز دھار آلے سے کاٹے جسے زین اللہ، محمد حسنین اور اقصیٰ بی بی موقع پر جاں بحق جبکہ بی بی کشمالہ شدید زخمی ہو گئی تھی۔ جس پر پولیس نیو سریاب پولیس کے عملے نے ملزم کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمے کا چالان عدالت میں پیش کیا تھا۔ جس پر عدالت نے دفعہ 302 کے تحت جرم ثابت ہونے پر ملزم محمد اقبال کو تین بار سزائے موت اور پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا سنایا۔

## ایم پی اے کے بھتیجے نے ٹریفک اہلکار کو تشدد نشانہ بنا ڈالا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ارباب کرم خان روڈ پر ایم پی اے نمبر پلیٹ والی گاڑی روکنے پر پارلیمانی سیکرٹری کے بھتیجے نے ٹریفک اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ جمعرات کے روز ٹریفک اہلکار کانسٹیبل بابر ارباب کرم خان روڈ پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا اسی دوران اس نے ایک سبز رنگ کے نمبر پلیٹ والی گاڑی کو روکنے کا اشارہ کیا جس پر گاڑی میں سوار نوجوان نے اہلکار کیساتھ تلخ کلامی کی اور اسے تشدد کا نشانہ بنایا، پولیس نے بتایا کہ مذکورہ نوجوان وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی کا بھتیجا ہے جس نے اپنی گاڑی رکن بلوچستان اسمبلی کی نمبر پلیٹ آویزاں کی تھی ایس ایس پی ٹریفک بہرام مندوخیل نے بتایا ہے کہ رکن بلوچستان اسمبلی کے بھتیجے کے خلاف ٹریفک پولیس اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنانے پر مقدمہ درج کر کے اسے جلد گرفتار کیا جائیگا۔

## گنداواہ: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک بھائی ہلاک، دوسرا شدید زخمی

### دونوں بھائی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر اپنے گاؤں جا رہے، واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ قرار

گنداواہ نامہ نگار: گنداواہ کے علاقہ گاجان بی ایریا لیویز تھانہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا ہے جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا ہے تفصیلات کے مطابق گنداواہ شہر سے اپنے گاؤں پتری جاتے ہوئے موٹر سائیکل پر سوار دو افراد پر گاجان گاؤں کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے عرفان علی ولد شہنواز موقع پر ہلاک ہو گیا جبکہ احسان علی شدید زخمی ہو گئے ہیں جو دونوں بھائی تھے واقعہ کی اطلاع ملنے پر لیویز اور پولیس فورس موقع پر پہنچ گئی اور بی وائے ایریا کا تعین کرنے کے بعد نعش اور زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ پہنچایا اور ضروری کاروائی کے بعد نعش کو ورثا کے حوالے کر دیا جبکہ زخمی کو طبی امداد دی جا رہی ہے زرائع کے مطابق واقعہ زاتی رنجش اور پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے۔

## تربت، فورسز کے قافلے پر فائرنگ سے راہگیر زخمی

تربت (نامہ نگار) سیٹلائٹ ٹاؤن میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے راہگیر زخمی ہو گیا فورسز کی جوابی کارروائی پر مسلح افراد فرار ہو گئے فورسز نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

## ہرنائی، 5 سال سے مفرور ملزم گرفتار

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی لیویز نے پانچ سال سے مفرور ملزم کو اسپین تنگی سے گرفتار کر لیا۔ ڈی سی عارف خان کاکڑ نے لیویز کی کارکردگی پر اطمنان کا اظہار کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 24


انتظامیہ سے مذاکرات کامیاب دھرنا ختم

# پسنی، مغوی طالبعلم کی عدم بازیابی کیخلاف دوسرے روز بھی شٹر ڈاؤن

## مکران کوسٹل ہائی وے بند، مکران کا کراچی سے زمینی رابطہ منقطع، سیکڑوں مسافر پھنس گئے، گاڑیوں کی لمبی قطاریں

## فورسز کا لاپتہ طالبعلم کے اہلخانہ پر مبینہ تشدد، بھائی زخمی، وکلا، بائیکاٹ میں بھرپور حصہ لیں، صدر گوادر بار کی اپیل

پسنی (نامہ نگار) لاپتہ طالبعلم بہادر بشیر کی عدم بازیابی پر آج دوسرے روز بھی مکران کوسٹل ہائی وے بند، شہر میں شٹر ڈاون ہڑتال، فورسز کا احتجاج پر بیٹھے لاپتہ طالبعلم کے فیملی پر مبینہ تشدد، سوشل میڈیا پر زخمی بھائی کی ویڈیو وائرل۔ تفصیلات کے مطابق پسنی کے رہائشی اور کراچی یونیورسٹی کے طالبعلم بہادر بشیر کی اغواء نما گرفتاری کے خلاف دوسرے روز بھی ان کے لواحقین نے زیرو پوائنٹ پر مکران بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر

گوادر (بیورو رپورٹ) بار ایسوی ایشن نے حکومت کی جانب سے پسنی اور تربت میں لاپتہ افراد کے لیے جاری پر امن احتجاجی مظاہروں پر خاموشی کے خلاف عدالتوں کے بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

کوسٹل ہائی وے کو بلاک کر دیا، لواحقین کے مطابق جمعرات کی صبح سیکورٹی فورسز نے مبینہ طور پر ان پر تشدد کر کے لاپتہ بہادر بشیر کے بھائی کا موبائل بھی ساتھ لے گئے، زخمی بھائی کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کر دی گئی جس کے رد عمل میں لواحقین کی کال پر دکانداروں نے رضا کارانہ طور پر اپنی دکانوں کو بند کر دیا اور شہر میں مکمل شٹر ڈاون ہڑتال کر دی، کوسٹل ہائی وے بند ہونے سے مکران کا زمینی رابطہ کراچی سے منقطع ہو گیا مال بردار گاڑیوں سمیت سینکڑوں مسافر اپنے منزل تک نہیں پہنچ سکے دوسری طرف پاک ایران 250 بارڈر سے تجارت بھی متاثر رہی اور ایران بارڈر سے اندرون ملک ایل پی جی اور دیگر ایرانی سامان ترسیل کرنے والے درجنوں گاڑیاں پھنس گئے، جبکہ شاہراہ بند رہنے سے پسنی میں غذائی اجناس کی قلت پیدا ہو گئی ہے دریں اثناء گوادر کے ضلعی چیئرمین سید معیار جان نوری، حق دو تحریک کے عہدیداران اور کارکنان، سول سوسائٹی، بلوچ یکجہتی کمیٹی، بی این پی کے کارکنان سمیت مختلف طبقہ فکر کے لوگوں نے دھرنا گاہ آ کر لاپتہ طالبعلم بہادر بشیر کی فیملی سے اظہار یکجہتی کی۔ لاپتہ طالبعلم بہادر بشیر کی بازیابی کے لئے جاری احتجاج کو ایک ہفتے کے لئے مؤخر کر دیا گیا، زیرو پوائنٹ دھرنے میں ضلعی انتظامیہ اور لواحقین کے درمیان مذاکرات کامیاب، لواحقین نے ایک ہفتے کی مہلت دے کر دھرنا موخر کر دیا، مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک بحال ہو گئی تفصیلات کے مطابق پسنی کے رہائشی کراچی یونیورسٹی کے طالب علم بہادر بشیر جسے 23 جون کو پسنی سے لاپتہ کر دیا گیا تھا، لواحقین نے احتجاجاً مکران کوسٹل ہائی وے کو بند کر دیا جس کے بعد اسسٹنٹ کمشنر پسنی اور ڈی ایس پی پسنی نے ان کی بازیابی کیلئے لواحقین سے دو دن کی مہلت طلب کر لی دو دن بعد ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد اسے بازیاب نہیں کیا جا سکا جس کے بعد لواحقین نے دوبارہ احتجاجاً مکران کوسٹل ہائی وے کو پچھلے دو سے پسنی زیرو پوائنٹ پر بند کیا ہوا تھا، آج ضلعی انتظامیہ نے لاپتہ بہادر بشیر کی بازیابی کیلئے لواحقین سے مزید ایک ہفتے کی مہلت طلب کر لی، فیملی نے ضلعی انتظامیہ کو ایک ہفتے کی مہلت دے کر اپنا احتجاج مؤخر کر دیا اور مکران کوسٹل ہائی وے کو ٹریفک کے لیے بحال ہو گئی۔

بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے۔ بار کے صدر صدیق زعمرانی ایڈوکیٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 28 جون 2024 کو تمام وکلا سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ عدالت میں پیش نہ ہوں، سوائے فوری نوعیت کے مقدمات کے۔ اس بائیکاٹ کا مقصد لاپتہ افراد کے مسئلے پر حکومت کی خاموشی کے خلاف احتجاج کرنا ہے، جو کہ علاقے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ بار ایسوی ایشن کا کہنا ہے کہ حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے متاثرین کے اہل خانہ کو شدید پریشانی اور تکلیف کا سامنا ہے۔ وکلا سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس بائیکاٹ میں بھرپور حصہ لیں تاکہ حکومت پر دباؤ ڈالا جا سکے کہ وہ ان لاپتہ افراد کے مسئلے کو سنجیدگی سے حل کرے اور ان کے اہل خانہ کو انصاف فراہم کرے۔ یہ بائیکاٹ حکومت کو یاد دلانے کے لیے ہے کہ عوامی مسائل اور انسانی حقوق کے تحفظ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، اور انصاف کی فراہمی ہر شہری کا حق ہے جسے یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

# کوہلو میں 4 بچوں کی ماں کاروکاری کے الزام میں قتل

## نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج

کوہلو (نامہ نگار) چار بچوں کی والدہ کاروکاری کے الزام میں قتل مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق کوہلو سب تحصیل تمبو کے علاقے سیزدی میں کاروکاری کے الزام میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو قتل کر دیا مسماۃ (گ) کے بھائی نے لیویز کو بتایا کہ ان کے بہنوئی نے ناجائز الزام لگا کر میری بہن کو قتل کر دیا مقتول کے دو بیٹے اور دو بیٹیاں تھی لیویز نے موقع پر پہنچ کر نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش کو ورثا کے حوالے کر دیا مقامی صحافی احمد مری نے بتایا کہ لیویز نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مسماۃ (گ) کے شوہر رحیم بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

داد کے خلاف 302 دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ضلع کوہلو میں مختلف الزامات میں خواتین کا قتل عام اب ایک ٹرینڈ بن چکا ہے انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی اس حوالے سے مکمل خاموش ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 25


## سپیرہ راغہ روڈ کی تعمیر کا منصوبہ علاقہ کی عوام کیلئے وبال جان بن گیا

تعمیر کو 16 سال کا عرصہ گزر گیا ہے، سڑک کے نزدیک فروٹ کے باغات دھول اور مٹی سے تباہ و برباد ہو گئے

**سڑک کی تعمیر میں سست روی کی وجہ سے کام م کی لاگت میں اضافہ ہو رہا ہے، فوری طور پر کام کو مکمل کیا جائے**

لورالائی (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق سپیرہ راغہ روڈ کو دو پیکج میں بنایا جارہا ہے خانوزئی سے سور غنڈ تک پیکج ون اور چینالی سے سور غنڈ پیکج تو روڈ دو ٹھیکیدار بنا رہے ہیں پی سی ون میں پل توڑنے کا ذکر ہے لیکن اس پرانا سریے کا کوئی ذکر نہیں جسکا مکمل طور پر خورد برد کرنے کا پلان ہے 2020 اور 2022 میں پی سی ون میں پرانے پل توڑ کر سریا تو نکالا گیا لیکن گراؤنڈ سے سریا غائب ہے اسی طرح پیکج تو میں بھی پرانے بڑے بڑے پل توڑ کر اس پر نئے پل بنا کر سریا غائب ہے پیکج ون چینالی سے چوتین تک 2021 اور 2022 میں دو صدٹن سریا غائب ہے اسی طرح پیکج تو میں تین صد ٹن سریا غائب ہے کام اسی لئے ڈھیلے کیا جارہا ہے کہ اس میں قسم قسم کے گھپلے کئے جارہے ہیں ایک اندازے کے مطابق پانچ سے چھ کروڑ روپے کا سریا شارٹ ہے جبکہ چندٹن سریا گراو؟ نڈ پر رکھ کر سرکار کے آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کوشش ضرور کی گئی ہے اس خرد برد کے پیش نظر علاقہ مکینوں نے مزید پل توڑنے کا کام بند کروادیا ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ جو پلوں سے ٹھیکیدار پرانا سریا نکال رہا ہے یا تو سریا سرکار کے پاس جمع کرے یا پھر یہ سریا نیلام کر کے رقم قومی خزانے میں جمع کرے اب ٹھیکیدار اور متعلقہ محکمہ کی ملی بھگت سے علاقے کے ملک اور دیگر علاقہ مکینوں کے خلاف ڈپٹی کمشنر لورالائی کو ایک لیٹر کے زریعے مزکورہ ملک کے خلاف کارروائی کرنے کو کہا گیا ہے کہ اس نے کام بند کروادیا ہے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے جبکہ مذکورہ علاقہ کے ملک نے بھی روڈ بنانے میں کوتاہی اور سریے سمیت دیگر خرد برد کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ عدالت اس میں کیا کاروائی عمل میں لاتا ہے سپیرہ راغہ روڈ پر کل 123 پرانے پل ہیں جس میں تقریباً 58 پل توڑ دیئے گئے ہیں اور ان پلوں کا سریا گراؤنڈ سے غائب ہے جبکہ کچھ سریا دھول جھونکنے کے لیے گراؤنڈ پر موجود ہے جسے مرحلہ وار رات کے تاریکی میں ایک ایک ڈمپر کے زریعے لے جایا جاتا ہے ان پلوں پر پرانے دور کے موٹے موٹے سوتر کا سریا بھی استمال کیا گیا ہے اس روڈ پر گذشتہ پندرہ سولہ سال سے کام سست روی سے جاری ہے یہ روڈ لورالائی اور مذکورہ نزدیکی گاؤں کے علاوہ پشتون بیلٹ کیلئے معیشت کے حوالے سے ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے لیکن کام پر سست روی کی وجہ سے ایک تو علاقے کے زمینداروں کو کروڑوں کے روپے کا نقصان ہوا دوسری جانب ٹرانسپورٹر کو نقصان برداشت کرنا پڑا

---

**Century Express Quetta**

## گرمی میں گیس کی لوڈشیڈنگ سے صارفین پریشان

**شہریوں کا حکومت سے نوٹس اور سدباب کیلئے اقدامات اٹھانے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں گرمی کے باوجود شہر بھر میں غیر اعلانیہ گیس کی لوڈشیڈنگ جاری صارفین کو مشکلات کا سامنا، مسجد روڈ، فاطمہ جناح روڈ نسر کی روڈ، پشتون آباد گلی دیبہ، سیٹلائٹ ٹاؤن سمیت بیشتر علاقوں میں محکمہ گیس کمپنی کی جانب سے گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی سے شہری پریشان ان کا کہنا ہے کہ سردیوں میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کی تو الگ بات تھی مگر اتنی سخت گرمی میں بھی گیس میسر نہ ہونا سمجھ سے بالاتر ہے دوسری جانب حکومت کی طرف سے آئے روز بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے مگر عوام کو بنیادی سہولت فراہم نہیں کی جاتی لوگ مجبور ہو کر مہنگے داموں ایل پی جی گیس خرید کر گزارہ کررہے ہیں انھوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی لوڈ شیڈنگ اور پریشر میں کمی کا نوٹس لے کر مسئلے کو جلد حل کیا جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہونگے۔

---

**INTEKHAB QUETTA**

## مقتول شمشیر مری کے لواحقین کا قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

**ہمارے بھائی کے قتل میں ملوث ملزمان جھل مگسی میں روپوش ہیں، مشترکہ بیان**

کوئٹہ (پ ر) مقتول شمشیر حسین مری کے لواحقین شہروز مری و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہمارے بھائی شمشیر حسین مری کو یکم اپریل 2024ء کو منجھو شوری مین بازار میں دن دیہاڑے قتل کیا گیا مقتول کے قتل میں ملوث نامزد ملزمان جو تا حال جھل مگسی میں روپوش ہیں نشاندہی کے باوجود متعلقہ ایس ایچ او منجھو شوری کارروائی کرنے سے گریز کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے

بقیہ نمبر30 صفحہ 5 پر

بھائی کے قتل میں ملوث ملزمان علی شیر چانڈرامہ مگسی اور بابو عرف بابل کو گرفتار کیا جائے مقتول کے لواحقین نے اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس، ایس پی نصیر آباد سے اپیل کی ہے کہ وہ ہمارے بھائی کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائیں

## پولیس منشیات فروشوں کی سرپرستی کر رہی ہے، اہلیان کلی کشمیر آباد

**منشیات کے اڈوں میں اضافہ، علاقہ مکین مشکلات کا شکار ہیں**

کوئٹہ (پ ر) اہلیان کلی کشمیر آباد کمرانی روڈ نے حکومت کی توجہ علاقے میں منشیات کی بڑھتی ہوئی صورتحال کی طرف مبذول کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کے اڈوں میں اضافہ سے علاقہ مکین سخت مشکلات کا شکار ہیں منشیات فروشوں کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں کی سرپرستی پولیس کر رہی ہے جس کے باعث علاقہ مکینوں کا پولیس پر سے اعتماد اٹھ چکا ہے انہوں نے اعلیٰ حکام کی توجہ علاقے میں بڑھتی ہوئی منشیات کے اڈوں کی طرف دلاتے ہوئے کہا کہ منشیات کا اڈوں کا خاتمہ اور ملوث عناصر کے خلاف تو دیکھی کاروائی کر کے اڈوں کو ختم کر کے علاقہ مکینوں کو نجات دلائی جائے۔

## ماشکیل، چھ ماہ سے موبائل نیٹ ورک خراب، عوام کو مشکلات

ایک لاکھ اسی ہزار آبادی پر مشتمل سرحدی تحصیل کے لوگوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، رپورٹ

ماشکیل (نامہ نگار) بلوچستان کے سرحدی علاقے تحصیل ماشکیل میں گزشتہ چھ مہینوں سے موبائل نیٹ ورک اور پی ٹی سی ایل کی ناقص سروس نے صارفین کو شدید ذہنی مریض بنادیا ہے موبائل نیٹ ورک اور پی ٹی سی ایل سروس روزانہ کی بنیاد پر غیر معینہ مدت تک غائب ہونے سے علاقے کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ماشکیل میں موبائل نیٹ ورک کا یہ حال ہے کہ جب کوئی کال کریں تو کال بھی نہیں ہوتی ہے بہترین جی تھری اور ڈیٹا فراہمی تو بہت دور کی بات ہے ایک لاکھ اسی ہزار آبادی پر مشتمل سرحدی تحصیل کے لوگوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے موبائل نیٹ ورک کی عدم دستیابی کے باعث علاقے کے کاروباری حضرات سرکاری ملازمین اور طلباء پریشانی سے دوچار ہے سیاسی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ماشکیل میں موبائل نیٹ ورک اور پی ٹی سی ایل سروس کی ناقص سروس کا نوٹس لیکر فوری طور پر صارفین کو بہترین سروس کی فراہمی کے بابت اقدامات اٹھایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 26


## وڈھ میں منشیات کا سرعام فروخت جاری، انتظامیہ خاموش

### وڈھ بازار سمیت دیگر علاقوں میں کم سن بچے موٹر سائیکلوں پر سپلائی کرتے ہیں

وڈھ (نمائندہ آزادی) وڈھ میں منشیات سرعام فروخت ہورہی ہے کم عمر بچے بھی گٹکہ جیسے زہر میں مبتلا ہو چکے ہیں مبینہ طور پر وڈھ انتظامیہ کی ناک کے نیچے سے روزانہ منشیات سپلائی ہورہی ہے۔ مگر انتظامیہ ان کے خلاف کارروائی کرنے سے پراسرار طور پر خاموش ہے نہ جانے انتظامیہ کی کونسی مجبوری ہے کہ انہیں نشہ جیسے ناسور کے خلاف کاروائی کرنے روک رہی ہے۔ انتظامیہ کی اس پراسرار خاموشی سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انتظامیہ ان منشیات فروشوں کے ساتھ ملوث ہیں یا ان کو مبینہ طور پر طور پر ماہانہ مل جاتی ہے وہ خاموشی اختیار کر چکے ہیں۔ علاقائی ذرائع کے مطابق وڈھ کے اندر وڈھ سے تین گٹکہ فیکٹریاں موجود ہیں۔ روز انہ صبح وڈھ بازار سمیت دیگر علاقوں میں کم سن بچے موٹر سائیکلوں پر سپلائی کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ ایک سال قبل 15 سالہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 5 پر)

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 28 JUN 2024 Page No. 27

## نوجوان حقوق اور نعروں کے نام پر بیٹھے لوگوں کی سازشوں میں نہ آئیں

وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے اڈے بنانے کا منصوبہ ناکام بنا دیا ہے گزشتہ دنوں دہشتگردی کے خلاف بڑی کامیابی ہوئی ہے سیکورٹی اداروں نے ٹی ٹی پی کی دفاعی شوریٰ کے سربراہ کمانڈر نصر اللہ عرف مولوی منصور کو مشکل اور پیچیدہ آپریشن میں گرفتار کر لیا اس موقع پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایا ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا لانگو نے کہا ہے کہ میں اپنے انٹیلی جنس فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ ملک کی دشمنوں کے خلاف پیش کیا ہے ہمیں کسی شک میں نہیں رہنا چاہیے ان تمام دہشتگردی کا تعلق براہ راست انٹرنیشنل دہشتگرد انڈیا سے ہیں بلکہ تمام دنیا انڈیا سے محفوظ نہیں ہے انڈیا پیسے کے عیوض افغانستان کی سرزمین استعمال کر رہا ہے جو لوگ بلوچستان کے حقوق کے نام پر جو عزائم بنا رہے ہیں عوام انہیں پہچان لیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کا ملاپ صرف ان کے انویسٹر انڈیا کی وجہ سے ہے جو لوگ ان کے ہاتھوں استعمال ہو رہے ہیں وہ خود کو اپنے اہل خانہ اور ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں تحریک طالبان مساجد اور اسکولوں کو ٹارگٹ کرتی ہے تحریک طالبان کے تمام کام غیر اسلامی ہیں بی ایل اے کے گٹھ جوڑ غیر فطری ہے بی ایل اے ٹی ٹی پی کو بھارت جی خفیہ ادارے فنڈنگ کر رہے ہیں ہمارا ہمسایہ ملک افغانستان دہشتگردوں کو پناہ دیتا ہے بلوچستان میں جو نوجوان حقوق اور نعروں کے نام پر باہر بیٹھے لوگوں کے سازشوں میں نہ آئے بلکہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں کردار ادا کریں باہر بیٹھے لوگ ان سے بلوچستان کے حقوق کا کوئی تعلق نہیں ہے ٹی ٹی پی کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے کیا اسلام میں سکول کے معصوم بچوں کے مارنے کی اجازت دیتے ہیں انہوں نے کہا کہ جو نوجوان پہاڑوں پر گئے ہیں ان کو ورغلایا گیا ہے خدارا واپس آئیں اس پاک وطن کا ساتھ دیں تاکہ ان دشمن ممالک کے عزائم خاک میں مل جائے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے را ایجنسی کے پیرول پر چل رہے ہیں ہمارے اداروں نے بلوچستان کو تباہی سے بچایا ہے دشمن ملک انڈیا کو منہ کی کھانی پڑی اور دشمن کی چال کو ناکام بنایا ہے اقوام متحدہ کو انسانیت کا ساتھ دینا چاہیے انٹرنیشنل دہشتگرد انڈیا پر پابندی لگایا جائے سکلکو قلات آپریشن میں سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کو پسپاہ کر دیا انڈیا کے ایجنٹ ایف سی کیمپ پر قبضہ کرنا چاہتے تھے فورسز نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے پسپاہ کر دیا اپیکس کمیٹی میں فیصلہ ہوا ہے کہ دہشتگرد کو دہشتگرد کہیں گے افسوس کی بات ہے گورنمنٹ جب آپریشن کرتی ہے مختلف سیاسی پارٹیاں اور میڈیا میں واویلا مچ جاتا ہے ہم فورسز اور سویلین شہیدوں کے وارث ہیں خوشنما نعروں سے کوئی مستقبل نہیں ہے پڑھے لکھے نوجوانوں کو باہر بیٹھے لوگوں نے بندوق ہاتھ میں تھما دیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 JUN 2024 Page No. 29


## جام غلام قادر گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال حب عدم توجہی کے باعث مسائل سے دوچار

حب بلوچستان کے اہم صنعتی زون شہر سمیت ایشیاء کا سب سے بڑا شپ بریکنگ یارڈ یہاں



تحریر: ڈاکٹر [illegible] علی بزنجو

پر موجود ہے کاروبار اور سب سے زیادہ ریونیو دینے کے حوالے سے بلوچستان کے اضلاع میں سے ضلع حب پہلے نمبر پر شمار ہوتا ہے اس اضلاع کو برصغیر میں بین الاقوامی شاہراہ کا اہم دروازہ درجہ اسکو دیا جاتا تھا اور اہمیت یافتہ شہر سمجھا اور جانا جاتا تھا ضلع حب اندرون سندھ سمیت کراچی تو کوئٹہ اور گوادر سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع کو آپس میں ملانے کے سمیت برصغیر میں اس اضلاع کو بین الاقوامی سطح پر اہم شاہراہ کا درجہ بھی دیا جاتا تھا یہی سے بین الاقوامی سطح پر روڈ اور سمندری راستے سے گزر اور کاروبار کیلئے استعمال ہوا کرتا تھا۔

ضلع حب بلوچستان کا اہم صنعتی زون شہر ہونے کے ساتھ ساتھ ایشیاء کا سب سے بڑا شپ بریکنگ یارڈ حب گڈانی ساحل سمندر پر موجود ہے بلوچستان کے اضلاع میں ضلع حب سب سے زیادہ اور پہلے نمبر پر ریونیو دینے والا اضلاع میں شمار ہوتا ہے ضلع حب میں قائم تمام صنعت اور شپ بریکنگ یارڈ سے حکومت بلوچستان کو ٹیکسز کی مد میں ملنے والا اربوں روپے کا ٹیکز یہاں سے وصول کرتا ہے۔

بلوچستان کے ضلع حب سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شہر ہونے کے باوجود بھی حکومت بلوچستان کی جانب سے حب شہر کے عوام کو ہمیشہ ترقیاتی اور بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ضلع حب کو بدقسمتی سے حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اضلاع کو کبھی بھی کوئی توجہ اور اہمیت نہیں دی گئی ہے اس جدید دور میں بھی یہاں کی عوام تمام تر اہم بنیادی سہولیات سے آج بھی محروم ہیں۔

کراچی تو کوئٹہ اور گوادر سنگل قاتل شاہراہ اور تحصیل دریجی اور درگاہ شاہ نورانی سنگل روڈ، دال، بیلہ، اوتھل، ارماڑہ و دیگر قریبی اضلاع کے شاہراہ پر آئے روڈ ٹریفک حادثات اور

انکیں مزید علاج اور معالج کیلئے فوراً ٹراما سینٹر کراچی منتقل کر دیا گیا تھا۔

بلوچستان کے سب سے زیادہ کراچی تو کوئٹہ اور گوادر سنگل قاتل شاہراہ سمیت دریجی، شاہ نورانی درگاہ روڈ ٹریفک حادثات اور واقعات سمیت یہاں قائم صنعت اور شپ بریکنگ یارڈ حب گڈانی میں اکثر زیادہ حادثات اور واقعات آئے روز رونما ہوتے رہتے ہیں۔

بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر اور ایشیاء کی بڑی شپ بریکنگ یارڈ صنعت ضلع حب کے سب بڑے سول ہسپتال جام غلام قادر گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال حب حکومت بلوچستان کی جانب سے کئی سالوں سے اس جدید دور میں بھی عدم توجہی کے باعث اہم




مسائل سے دوچار ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے جام غلام قادر سول ہسپتال حب جس میں ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کو آج ٹراما سینٹر بننا چاہیے تھا مگر بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہیکہ وہ آج صرف ایک ڈھانچے کا شکل اختیار کر رہا ہے ضلع حب کے اتنے بڑے ٹیچنگ سول ہسپتال جام غلام قادر حب میں پچھلے کئی سالوں سے سینٹرل آکسیجن سسٹم تک مختلف حادثات اور واقعات میں لانے والے ایمرجنسی مریضوں کیلئے موجود تک نہیں ہے اور نہ ہی کوئی ایمرجنسی صورت ڈرگ و انجکشن تک سول ہسپتال حب میں موجود تک نہیں ہے جو انسانی جان بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اب تو حالات یہاں تک پہنچ گئے ہیں کہ معمولی سادرد کے انجکشن بھی مریضوں کیلئے دستیاب تک نہیں ہے وہ انجکشن بھی مریضوں کو باہر سے لانے پڑتے ہیں اگر بجلی کی لوڈشیڈنگ کی بات کریں تو اب سول ہسپتال حب بھی بچ نہ سکا ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ دینا تو اب اسی ہسپتال کے لیے وبال جان بن گیا ہے 24 گھنٹے لیبارٹری ایکسرے اور الٹراساؤنڈ کا غیر فعال ہونا ٹیچنگ ہسپتال کے لیے سوالیہ نشان بن گیا ہیں۔

کوئی بھی ہسپتال کا دل کہاں جانے والا

ی ایمرجنسی میں ڈرگ و انجکشن موجود تک آنے والے مریضوں کیلئے دستیاب تک نہیں ہے جو کہ ایمرجنسی میں فوراً مریضوں کو علاج میں مدد مل سکے۔

حب شہر کے سب سے بڑے سول ہسپتال جام غلام قادر حب کا آخر اس ڈیپارٹمنٹ کے زبوں حالی کا اصل ذمے دار کون ہے جس نے اس ڈیپارٹمنٹ کو 1996 سے اسی حال میں رکھا ہوا ہے اور حکومت بلوچستان کی جانب سے آج تک کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ہے چیف سیکریٹری بلوچستان سمیت صوبائی وزیر صحت و دیگر صوبائی وزراء سمیت دیگر اعلیٰ شخصیات کا اکثر سول ہسپتال جام غلام قادر حب دورہ کرتے ہیں مگر اسکے بعد بھی کئی سالوں سے آج تک حب کی عوام کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے اور کراچی تو کوئٹہ اور گوادر سنگل قاتل شاہراہ پر آئے روز مختلف حادثات اور واقعات رونما ہونے کے بعد بھی باخوبی تمام باتوں علم ہونے کے بعد بھی کوئی توجہ اور اہمیت سول ہسپتال جام غلام قادر حب نہیں دی گئی ہے کئی سالوں سے ماسوائے اظہار افسوس اور دکھ کے اخباری بیانات جاری کرنے علاوہ اور کچھ عملدرآمد نہیں کیا گیا ہے۔

ضلع حب کے سب سے بڑے سول ہسپتال جام غلام قادر حب میں شروعات میں یہاں کے عوام کیلئے کوئٹہ حکومت بلوچستان کی زیر نگرانی میں مختلف سرکاری ہسپتال جو کہ تمام تر جدید ترین سہولیات سے آراستہ ٹراما سینٹر اور آئی سی یو وہاں کے عوام کیلئے موجود ہیں جبکہ اسی طرز کا جدید ترین سہولیات سے آراستہ ٹراما سینٹر اور آئی سی یو سول ہسپتال جام غلام قادر حب عوام کیلئے بنایا جاتا لیکن صد افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہیکہ صرف ایمرجنسی وارڈ ہے وہ بھی پچھلے کئی سالوں سے مکمل طور پر غیر فعال ہے صرف ڈھانچے کی شکل اختیار کیا ہوا ہے اندر کھوکھلا ہے اور کچھ بھی نہیں ہے سول ہسپتال جام غلام قادر حب عدم سہولیات کے باعث آج صرف حب کے عوام کو ایمرجنسی کنڈیشن میں اپنے پیاروں اپنی فریاد لے کر اور ساتھ میں ایک ریفر فارم ہاتھ میں تھما کر دور دراز کراچی ٹراما سینٹر بھیجا جاتا ہے جو کہ مریضوں کو طویل راستہ خراب ٹریفک جام اور آئے روز ٹریفک جام

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

...et No. 6

Dated: 27 JUN 2024 Page No. 80


## World Anti-Drug Day observed

QUETTA. Secretary Excise and Taxation, Syed Zafar Bukhari on Wednesday said that Balochistan government under the leadership of Chief Minister Mir Sarfraz Ahmed Bugti is ensuring measures on war footing to protect the young generation from drug abuse. He expressed these views while addressing an awareness walk organized by Excise and Taxation Department on the occasion of World Anti-Drug Day. A large number of civil society representatives, students, business community and people from different walks of life participated in the awareness walk. Bukhari said that it was the mission of the Excise and Taxation Department to protect the people of the province from the ravages of drugs. Balochistan Chief Minister is committed to rehabilitation of drug addicts, he said. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 28 JUN 2024

Page No.



کوئٹہ، وزیرخزانہ شعیب نوشیروانی تخمینہ جات ضمنی میزانیہ مالی سال 24-2023 پیش کررہے ہیں



اسپیکر اسمبلی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی بجٹ پر بحث کررہے ہیں



صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر لائیوسٹاک بخت محمد کاکڑ سے علاقے کے معتبرین ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ، صوبائی وزیر علی مددجتک پیپلز پارٹی کے رہنماء ملک ثناء اللہ شاہوانی کے والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی ایک روزہ سیمینار کے اختتام پر شرکاء کو شیلڈ دے رہے ہیں

CamScanner